ہندوستان- کروشیا دفتر خارجہ کا مشاورتی اجلاس (ایف او سی)

30 اپریل 2024

ہندوستان اور کروشیا نے مورخہ 30 اپریل 2024 کو نئی دہلی میں فارن آفس کنسلٹیشنز (FOC) کا 11 واں اجلاس منعقد کیا گیا۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سکریٹری (مغرب) جناب پون کپور کر رہے تھے اور کروشیائی فریق کی قیادت کروشیا کی وزارت خارجہ اور یورپی امور کے سیاسی امور کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پیٹر میہاتوف نے کی۔

2. مشاورت کے دوران، دونوں فریقوں نے تجارتی اور اقتصادی، دفاعی اور سمندری، سائنس اور ٹیکنالوجی، اختراع، تحقیق اور ترقی، سیاحت، ثقافتی شعبوں میں باہمی تعاون کو مضبوط بنانے سمیت موجودہ دو طرفہ تعلقات کا ایک جامع جائزہ لیا۔ ساتھ ہی فریقین نے عوام سے عوام رابطہ اور ثقافتی اقدار کے تبادلے کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔

3۔ فریقین نے اقوام متحدہ اور دیگر کثیر جہتی فورمز میں باہمی تعاون سمیت بین الاقوامی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ہندوستان-یورپی یونین کے باہمی تعاون کو مزید تقویت بخشنے کے لیے حالیہ دنوں باہمی تعاون میں ہوئے اضافہ پر طمانیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایک جامع، متوازن اور باہمی طور پر فائدہ مند ہندوستان-یورپی یونین ایف ٹی اے کے جلد نتیجہ اخذ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی والے شعبوں اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔

4. بات چیت دوستانہ اور خوشگوار ماحول میں ہوئی۔ فریقین نے زگریب میں اگلی مشاورتی اجلاس باہمی طور پر مناسب تاریخ پر منعقد کرنے پر اتفاق کیا گیا۔

نئی دہلی

30 اپریل 2024